7

قائدِ اعظمؒ



قائدِ اعظمؒ

قائدِ اعظمؒ کا اصل نام محمد علی جناحؒ ہے۔ آپ 25 دسمبر 1876ء کو کراچی میں پیدا ہوئے۔ آپ نے ابتدائی تعلیم کراچی سے حاصل کی اور پندرہ برس کی عمر میں میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ اس کے بعد آپ برطانیہ چلے گئے جہاں سے آپ نے قانون کی ڈگری حاصل کی۔ واپس آکر آپ نے وکالت شروع کر دی۔

1913ء میں آپ مسلم لیگ میں شامل ہوئے اور بعد میں اس کے صدر بنے۔ اس وقت ہندوستان پر انگریزوں کی حکومت تھی۔ آپ نے مسلمانوں کو جمع کیا اور ان میں اتحاد پیدا کرنے کی بھرپور کوشش کی۔

قائدِ اعظمؒ کا مزار

آپ کی سربراہی میں 1940ء میں لاہور میں قراردادِ پاکستان منظور ہوئی جس میں آپ نے حکومت سے مسلمانوں کے لیے الگ وطن کا مطالبہ کیا۔ آپ کی کوششوں سے 14 اگست 1947ء کو پاکستان بن گیا۔ آپ پاکستان کے پہلے گورنر جنرل بنے۔ آپ نے 11 ستمبر 1948ء کو وفات پائی۔ آپ کا مزار کراچی میں ہے۔ آپ کو بابائے قوم بھی کہا جاتا ہے۔

مشق

1- درج ذیل سوالات کے جوابات دیں:

(i) قائدِاعظمؒ کب پیدا ہوئے؟

(ii) قائدِاعظمؒ نے میٹرک کا امتحان کتنی عمر میں پاس کیا؟

(iii) ہمارا ملک پاکستان کس نے بنایا؟

(iv) قائدِاعظمؒ کون تھے؟

(v) قائدِاعظمؒ نے کب وفات پائی؟

2- درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

(i) قائدِاعظمؒ کس شہر میں پیدا ہوئے؟

(الف) لاہور (ب) کراچی (ج) کوئٹہ

(ii) قراردادِ پاکستان کب منظور ہوئی؟

(الف) 1910ء میں (ب) 1913ء میں (ج) 1940ء میں

(iii) قائدِاعظم محمد علی جناحؒ نے مطالبہ کیا:

(الف) علیٰحدہ ملک کا (ب) علیٰحدہ صوبے کا (ج) علیٰحدہ شہر کا

(iv) قائدِاعظم محمد علی جناحؒ کا مزار واقع ہے:

(الف) پشاور میں (ب) کراچی میں (ج) زیارت میں

3- مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں:

گورنر جنرل	برطانیہ	1947ء	1876ء	قوم

(i) قائداعظم محمد علی جناحؒ 25 دسمبر ------------ کو پیدا ہوئے۔

(ii) قائداعظم محمد علی جناحؒ پاکستان کے پہلے ------------ بنے۔

(iii) قائداعظم محمد علی جناحؒ کو بابائے ------------ بھی کہا جاتا ہے۔

(iv) قائداعظم محمد علی جناحؒ نے قانون کی ڈگری ------------ سے حاصل کی۔

(v) پاکستان 14 اگست ------------ کو بنا۔

سرگرمی

اُستاد کی رہنمائی سے قائدِاعظم محمد علی جناحؒ کے تین فرمان ایک چارٹ پر لکھیں اور چارٹ کو کمرۂ جماعت میں لگائیں۔

ہدایات برائے اساتذہ

1- طلبہ کو بتائیں کہ قائدِاعظم محمد علی جناحؒ نے کتنی کوششوں کے بعد پاکستان حاصل کیا۔

2- طلبہ کو قراردادِ پاکستان کے متعلق بتائیں۔